۵۔ تقسیم کتب
۶۔ کتابوں کی اجرائی و واپسی
۷۔ حفاظتِ کتب
۸۔ قلمی نوادرات کی حفاظت
۹۔ کتب خانوں کے لیے جلد سازی کی نوعیت

کوئی شبہ نہیں اپنے موضوع پر یہ کتاب ہر اعتبار سے جامع و مانع ہے۔ طباعت و کتابت بھی بہتر ہے۔ قیمت بھی کچھ زیادہ نہیں۔ صرف ایک روپیہ پچاس پیسے۔

تاویل الاحادیث

یہ کتاب حجۃ الاسلام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی معرکہ آرا کتابوں میں ہے۔ شاہ ولی اللہ اکیڈمی حیدرآباد نے پروفیسر غلام مصطفٰے قاسمی کی تحقیق و تقدیم کے ساتھ اسے شایع کیا ہے۔ جو لوگ عربی زبان جانتے ہیں اور شاہ صاحب کے اندازِ نگارش سے مانوس ہیں ان کے لیے یہ ایک گراں بہا تحفہ ہے۔

کتاب خوشنما ٹائپ میں چھاپی گئی ہے۔ کاغذ بھی اچھا ہے۔ ضخامت ۱۱۲ صفحے قیمت صرف تین روپے۔

کچکول نامہ

حضرت مخدوم ابوالحسن داہری نقشبندی (وفات ۱۱۸۱ھ) کی یہ نادر و نایاب کتاب جو معنی کے اعتبار سے بے عدیل ہے شاہ ولی اللہ اکیڈمی حیدرآباد نے غلام مصطفٰے قاسمی صاحب کے تحشیہ اور تحقیق کے ساتھ شائع کی ہے۔ کوئی شبہ نہیں قاسمی صاحب نے